2025-04-07

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں                    اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

-----------------------------------------------------------

1- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج Lisbon میں، پُرتگال کے اپنے ہم منصب Marcelo Rebelo De Sousa کے ساتھ وفد کی سطح کی بات چیت کریں گی۔

2- مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ امرناتھ یاترا کے لیے حفاظتی صورتِحال اور تیاریوں کا جائزہ لینے کے مقصد سے جموں و کشمیر کے تین روزہ دورے پر جموں پہنچ گئے۔

3- سود کی بنیادی شرحیں طے کرنے کے لیے، RBI کی مالی پالیسی کمیٹی کی تین روزہ میٹنگ آج شروع ہوگی۔

4- جیسا کہ بہت سی ریاستوں میں شدید گرمی پڑ رہی ہے، بھارت کے محکمہئ موسمیات نے دلی کے لیے Yellow الرٹ اور گجرات کے لیے Red الرٹ جاری کیا ہے۔

5- صحت سے متعلق عالمی سطح پر بیداری میں اضافے کے لیے صحت کا عالمی دن منایا جا رہا ہے۔

6- اور: رود رانکش بالا صاحب پاٹل نے، برازیل میں ISSF عالمی کپ 2025 میں، مردوں کے دس میٹر ایئر رائفل نشانے بازی مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Prez.Purtugal Visit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو پرتگال اور سلوواکیہ کے اپنے سرکاری دورے کے پہلے مرحلے کے تحت آج صبح سویرے Lisbon پہنچیں۔ صدر مرمو پرتگال کے اپنے ہم منصب Marcelo Rebelo de Sousa کے ساتھ وفد سطح کی بات چیت کریں گی۔ محترمہ مرمو، پرتگال کے وزیر اعظم Luis Montenegro اور پارلیمنٹ کے اسپیکر Jose Pdro Aguiar Branco سے بھی ملاقات کریں گی۔ Lisbon کے میئر ان کے اعزاز میں ایک خصوصی پروگرام کی میزبانی بھی کریں گے۔ صدر جمہوریہ پرتگال میں بھارتی برادری کے ارکان سے بھی ملاقات کریں گی۔ امکان ہے کہ وہ مختلف یونیورسٹیوں اور تعلیمی اداروں کے کچھ بھارتی محققین سے ملاقات کریں گی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Pooja P. Vardhan

صدر مرمو 9 سے 10 اپریل تک سلوواکیہ کے صدر Peter Pellengrini کی دعوت پر سلواکیہ کا دورہ کریں گی۔ پچھلے 29 سال میں صدر جمہوریہ کا سلوواکیہ کا یہ پہلا دورہ ہوگا۔×

Amit Shah Jammu

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے BJP کے ارکانِ اسمبلی اور پارٹی کے سینئر لیڈروں کو یقین دلایا ہے کہ جموں خطے میں دہشت گردی سے متعلق صورتحال پر جلد ہی قابو پا لیا جائے گا۔ انہوں نے جموں و کشمیر کو ریاست کا درجہ دینے سے متعلق مرکزی حکومت کے موقف کو دہرایا اور کہا کہ جموں و کشمیر کو مناسب وقت پر ریاست کا درجہ دیا جائے گا۔ جناب شاہ نے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ کی موجودگی میں Trikuta نگر میں واقع پارٹی ہیڈکوارٹرز میں BJP کے تمام 28 ارکانِ اسمبلی کے ساتھ دو گھنٹے کی طویل میٹنگ کی۔ جناب شاہ سیکورٹی کی صورتحال کا جائزہ لینے، سیکورٹی اہلکاروں کے ساتھ بات چیت کرنے اور مرکز کے زیر انتظام علاقے میں ورچوئل طور پر کروڑوں روپے کے پروجیکٹوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد رکھنے نیز ترقیاتی کاموں کی پیشرفت کا جائزہ لینے کے لیے کل شام جموں و کشمیر کے تین روزہ دورے پر جموں پہنچے۔

V/C - Gulshan Raina

جناب شاہ آج بین الاقوامی سرحد کا دورہ کریں گے اور وہاں کی زمینی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے کٹھوعہ ضلع میں واقع BSF کی سرحدی چوکی کا معائنہ کریں گے۔ جناب شاہ دوپہر 2 بجے راج بھون جموں میں، عسکریت پسندوں سے لڑتے ہوئے شہید ہونے والے جموں و کشمیر پولیس کے اہلکاروں کے اہلِ خانہ سے ملاقات کریں گے اور ان میں سے کچھ کو ہمدردی کی بنیاد پر منتخب کردہ تقرری نامے بھی سونپیں گے۔ وہ شام کو سری نگر کے لیے روانہ ہوں گے۔ جناب شاہ کل سری نگر میں یونیفائیڈ ہیڈ کوارٹرس اور شری امرناتھ کی سالانہ یاترا کی دو اہم الگ الگ سیکورٹی جائزہ میٹنگوں کی صدارت کریں گے۔

اس کے بعد، وہ سری نگر کے راج بھون میں ایک اور میٹنگ میں شرکت کریں گے، جہاں جموں و کشمیر میں سیکورٹی صورتحال کا جائزہ لیا جائے گا۔ میٹنگ میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا، وزارت داخلہ، فوج، نیم فوجی دستوں، جموں و کشمیر پولیس، انٹیلی جنس ایجنسیوں اور سول انتظامیہ کے اعلیٰ افسران موجود ہوں گے۔

جموں سے گلشن رینا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں …………

PM Tail Nadu Visit

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت نے پچھلے دس سال میں ملک کی سبھی اطراف کو باہم مربوط کرنے کے مقصد سے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کی بہت سی کوششیں کی ہیں۔ انھوں نے رامیشورم میں پامبن پُل کا افتتاح کیا اور تمل ناڈو میں ریل اور سڑک پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھا، جس پر آٹھ ہزار 300 کروڑ روپے کا خرچ آئے گا۔

رامیشورم میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ تمل ناڈو کی ترقی سے ملک کو ترقی حاصل ہوگی۔

PM Modi On Tamil Nadu Development

جناب مودی نے اِس کا ذکر کرتے ہوئے کہ تمل ناڈو میں بنیادی ڈھانچے کا فروغ، اُن کی حکومت کی ترجیح ہے، کہا کہ پچھلی دہائی میں تمل ناڈو کے ریلوے بجٹ میں سات گنا اضافہ ہوا ہے۔

جناب مودی نے قدیم تمل ثقافت اور زبان کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ جناب مودی نے ریاستی سرکار سے اپیل کی کہ وہ طبی طلبا کو اُن کی مادری زبان میں مطالعہ کرنے کا موقع فراہم کرے۔ انھوں نے اُن سیاست دانوں کی نکتہ چینی کی جنھوں نے اُنہیں خطوط لکھتے ہوئے تمل زبان میں، دستخط تک نہیں کیے۔

PM Modi On Tamil Signature

Naval Commendor

بحری کمانڈروں کی پہلی کانفرنس 2025 کے دوسرے مرحلے کا آغاز آج نئی دلی میں ہوگا۔ اس چار روزہ کانفرنس میں بحریہ کے سرکردہ کمانڈروں کے مابین اہم دفاعی، کارروائی سے متعلق اور انتظامی معاملات پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ کانفرنس کے پہلے مرحلے کا آغاز ہفتے کو کرناٹک میں ہوا تھا۔ یہ کانفرنس اعلیٰ سطح کی کانفرنس ایک سال میں دو بار منعقد ہوتی ہے۔x

Social Justice Chintan Shiver

سماجی انصاف اور تفویض اختیارات کی وزارت اتراکھنڈ کے دہرادون میں آج سے دو روزہ چنتن شِوِر 2025 کا اہتمام کر رہی ہے۔ چنتن شِوِر کے دوران سماجی، تعلیمی اور معاشی بااختیار بنانے کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرتے ہوئے ایک منصفانہ اور جامع معاشرے کی تعمیر کے وزارت کے مشن کو آگے بڑھانے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ اس چنتن شِوِر کی صدارت سماجی انصاف اور تفویض اختیارات کے مرکزی وزیر ڈاکٹر ویریندر کمار کریں گے۔ یہ ملک بھر کے موضوع سے متعلق ماہرین اور متعلقہ فریقوں کو اکٹھا کرے گا تاکہ اہم سماجی انصاف اور فلاحی اقدامات کا جامع جائزہ لیا جا سکے۔ اس پروگرام کا مقصد ہم آہنگی کو فروغ دینا، مرکز اور ریاستوں کے درمیان تال میل کو بہتر بنانا اور زمینی سطح پر سرکاری خدمات کی مؤثر اور جامع فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔×

Rev. RBI MPC

بھارتیہ ریزرو بینک RBIکی مالی پالیسی کی کمیٹیMPC  کی تیسری میٹنگ آج ممبئی میں منعقد ہوگی۔ میٹنگ میں سود کی شرحوں یا Repo Rates طے کی جائیں گی۔ یہ میٹنگ مالی سال 2025-26 کی مالی پالیسی سے متعلق پہلی میٹنگ ہوگی، جس میں مرکزی بینک کی، قرض کی بنیادی شرحیں طے کی جائیں گی۔ اِن شرحوں کا اعلان بدھ کو کیا جائے گا۔

RBI، اپنی مالی پالیسی کی کمیٹی کی میٹنگ، ہر دو ماہ بعد منعقد کرتا ہے۔ اِس طرح کسی سال کے دوران 6 میٹنگس کا انعقاد کیا جاتا ہے، جن میں روپے پیسے کی سپلائی، اِفراطِ زر کا منظر نامہ اور دیگر اقصادی وجوہات جیسے عوامل کی بنیاد پر سود کی شرحیں طے کی جاتی ہیں۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C Bhavana in GNR

نئے مالی سال کے دوران MPC کی یہ پہلی میٹنگ ہے، جو 2025 کے مرکزی بجٹ کے، تقریباً فوراً بعد ہی منعقد کی جا رہی ہے جس میں انکم ٹیکس کے زمروں میں تبدیلی کرتے ہوئے، کھپت میں اضافے پر زور دیا گیا ہے۔

ماہرینِ اقتصادیات اور بازار کے تجزیہ کار، کمیٹی کے، خاص طور پر Repo Rate میں کسی بھی تبدیلی سے متعلق فیصلوں پر، قریبی نظر رکھیں گے۔ فی الحال Repo Rate چھ اعشاریہ دو پانچ فیصد ہے۔ MPC کے اِس موقف سے آئندہ مالی سال میں اقتصادی ترقی کو متوازن بنانے اور اِفراط زر پر قابو پانے کے طریقے کو بغور دیکھنے کا موقع ملے گا۔

ممبئی سے بھاونا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں...........

IMD Alert

ملک کی متعدد ریاستوں میں شدید گرمی کے حالات ہیں۔ ایسے میں بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے، دلّی کے لیے Yellow الرٹ جبکہ گجرات کے لیے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ IMD نے قومی راجدھانی کے لیے Yellow الرٹ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ دو روز تک شدید گرمی کے حالات رہیں گے۔ اسی طرح گجرات میں آج کے لیے ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ سوراشٹر اور کچھ کے علاقوں میں بھی شدید گرمی کے حالات کے دوران 8 اپریل سے 10 اپریل تک اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ ہم نے اس سلسلے میں IMD کے سینئر سائنسداں آر-کے جَینامنی سے بات کی۔

S/B - R K Jenamani

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Rev. World Health Day

دنیا بھر میں آج صحت اور صحت سے متعلق بہترین طور طریقوں کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کے لیے صحت کا عالمی دن منایا جا رہا ہے۔ عالمی صحت ادارے WHO نے اس سال زچگی کے دوران ماؤں اور نوزائیدہ بچوں کی اموات کو روکنے اور خواتین کی طویل مدتی صحت اور تندرستی کو ترجیح دینے کے لیے صحت مند آغاز، امید افزا مستقبل کو موضوع قرار دیا ہے۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ مرکزی حکومت ملک میں صحت کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کر کے عوام کو معیاری حفظانِ صحت کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے سخت محنت کر رہی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Saklen

مرکزی حکومت لوگوں کو معیاری اور سستی حفظانِ صحت کی خدمات تک رسائی کو یقینی بنانے اور ایک صحت مند ملک کی تعمیر کی طرف آگے بڑھنے کے لیے متعدد اقدامات کر رہی ہے۔ اس سلسلے میں، حکومت آیوشمان بھارت، تپِ دِق کے خاتمے کے قومی پروگرام اور پردھان منتری

سُرکشِت Matritva ابھیان سمیت مختلف اسکیمیں نافذ کر رہی ہے۔ پردھان منتری جَن آروگیہ یوجنا کے تحت، 55 کروڑ سے زیادہ مستفیدین کو سالانہ 5 لاکھ روپے فی کنبے کا صحت بیمہ فراہم کیا جا رہا ہے۔ اس اسکیم کے تحت مستفیدین کو اب تک 40 کروڑ آیوشمان کارڈ جاری کیے جا چکے ہیں۔ اس کے علاوہ، لوگوں کو جامع حفظانِ صحت کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے ملک میں 1 لاکھ 76 ہزار آیوشمان اروگیا مندر کام کر رہے ہیں۔

صحت عامہ خاص طور پر ماؤں اور بچوں کی صحت کی دیکھ بھال کے شعبے میں ملک کی ترقی سے مساوی اور جامع حفظانِ صحت کے مضبوط عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔

ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ......

US Trade Talks

50 سے زیادہ ملکوں نے، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے بڑے پیمانے پر نئے محصولات عائد کیے جانے کے بعد، وہائٹ ہاؤس کے ساتھ، تجارت سے متعلق بات چیت کے لیے رابطہ قائم کیا ہے۔ ٹرمپ انتظامیہ کے سرکردہ افسران نے اِن محصولات کا دفاع کیا ہے یہاں تک کہ اِن محصولات کی وجہ سے پچھلے ہفتے، امریکی شیئربازار کو تقریباً چھ ٹریلین ڈالرز کا نقصان ہوا تھا۔

خزانے کے وزیر Scott Beasent نے ایک نیوز چینل کو بتایا کہ پچھلے بدھ کے اعلان کے بعد سے اب تک 50 سے زیادہ ملکوں نے امریکہ سے بات چیت کی ہے۔ یہ بات چیت جناب ٹرمپ کو بااختیار حیثیت دیتے ہوئے کی گئی ہے۔

تائیوان کے صدر Lai Ching Te نے تجارت سے متعلق بات چیت کے آغاز کے لیے، محصولات پوری طرح ختم کرنے کی تجویز رکھی ہے۔ انھوں نے تجارت میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کا عزم کرتے ہوئے یہ وعدہ کیا ہے کہ تائیوان کی کمپنیاں، امریکہ میں سرمایہ کاری میں اضافہ کر دیں گی۔x

YOGA Odisha

آیوش کی وزارت کے تحت مُرارجی ڈیسائی نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف یوگا MDNIY آج یوگا کے بین الاقوامی دن کے 75 دن کی اُلٹی گنتی شروع کرنے کے لیے یوگا مہوتسو 2025 کا انعقاد کر رہا ہے۔ صحت کے عالمی دن کے موقع پر منعقد ہونے والے اس مہوتسو کے دوران بھوبنیشور کے کلِنگا اسٹیڈیم میں صبح ساڑھے چھ بجے سے آٹھ بجے تک ایک عظیم الشان کامن یوگا پروٹوکول CYP پیش کیا گیا۔

آیوش کے وزیر پرتاپ راؤ جادھو نے پروگرام میں شرکت کی۔ یوگا سے متعلق مشترکہ ضابطے CYP یوگا کے بین الاقوامی دن کی بنیاد ہے اور یہ 22 مختلف زبانوں میں دستیاب ہے۔ پچھلے سال، کامن یوگا پروٹوکول کا بریل ایڈیشن شروع کیا گیا تھا، جس میں شمولیت کو فروغ دیا گیا تھا۔×

ISSF World Cup

ISSF عالمی کپ 2025 میں سابق چیمپئن رودرانکش بالا صاحب پاٹل نے مردوں کے 10 میٹر ایئر رائفل شوٹنگ میں طلائی تمغہ جیتا ہے یہ میچ کل بیونس آئرس میں کھیلا گیا۔

جبکہ مقامی کھلاڑی مارسلو جولین گوتریز نے 230 اعشاریہ ایک کے ساتھ کانسے کا تمغہ اپنے نام کیا۔

ISSF عالمی کپ میں رودرانکش کا یہ دوسرا انفرادی طلائی تمغہ ہے۔ اِس سے قبل وہ 2023 کے قاہرہ ایڈیشن میں بھی دس میٹر ائر رائفل کا تمغہ جیت چکے ہیں۔

اس کے ساتھ بھارت اب چین کے ساتھ مشترکہ طور پر میڈل میں آگے ہے، دونوں ممالک نے دو طلائی، ایک چاندی اور ایک کانسے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔ ابھی آٹھ فائنل مقابلے اور کھیلے جانے والے ہیں، امریکہ نے بھی دو طلائی تمغوں کے ساتھ تیسرے جبکہ ہنگری نے دوسرا تمغہ جیتا ہے۔x

## IPL Cricket

IPL ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں، کل رات حیدرآباد کے راجیو گاندھی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں گجرات ٹائٹنس نے سن رائزرس حیدرآباد کو 7 وکٹ سے ہرا دیا۔ گجرات ٹائٹنس نے جیت کے لیے 153 رن کا نشانہ16 اوورس 4 گیندوں میں 3 وکٹ پر آسانی سے حاصل کر لیا۔ اس سے پہلے گجرات ٹائٹنس نے ٹاس جیتا اور گیندبازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ سن رائزرس حیدرآباد نے مقررہ 20 اوورس میں 8 وکٹ پر 152 رن بنائے۔

آج ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں، ممبئی انڈینس کا مقابلہ رائل چیلنجرس بنگلورو سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔x

## Must Announcement Pubic Speak

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے "سماجی قیادت میں پانی کے تحفظ کی مہم" کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ مذاکرہ، گنگا کی صفائی ستھرائی سے متعلق قومی کمیشن کے سابق DG جی اشوک کمار کے ساتھ کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔

صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر، پانچ صفر

اور

صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،

اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات

نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار

پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔ x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......اسد اللہ

شکریہ - اسلم

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایاہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا اور انقلاب سمیت بیشتر اردو اخبارات نے وزیراعظم نریندر مودی کے ذریعہ تمل ناڈو کے رامیشورم میں 'پمبن ریلوے پل' سمیت کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کئے جانے اور عوامی جلسے سے خطاب کو اپنی بڑی خبر کے طور پر پیش کیاہے۔ اخبار وزیر اعظم کے خطاب کے حوالے سے لکھتا ہے کہ 'آج پوری دنیا میں بھارت کی طرف کشش بڑھ رہی ہے اور لوگ بھارت کو جاننا اور سمجھنا چاہتے ہیں'۔

روزنامہ پرتاپ نے لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا کے اِس بیان کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے کہ بھارتی پارلیمنٹ نے انصاف اور قانون کی حکمرانی کو ترجیح دیتے ہوئے کئی اہم اقدامات کئے ہیں۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے وزیر داخلہ امت شاہ کے دورہئ گجرات کو بھی سرخیوں میں جگہ دی ہے جہاں انھوں نے گاندھی نگر میں افکو کی گولڈن جبلی تقریب میں شرکت کی اور کہا کہ آج بھارت غذائی اجناس کے میدان میں خود کفیل ہے اور اِفکو نے اس میں اہم کردر ادا کیا ہے۔

جبکہ روزنامہ پرتاپ نے ہریانہ کے وزیراعلیٰ نائب سنگھ سینی کے اس بیان کوبوکس میں جگہ دی ہے کہ 'اگنی ویروں کو ہریانہ پولیس بھرتی میں 20 فیصد ریزرویشن فراہم کیا جائے گا'۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج Lisbon میں، پُرتگال کے اپنے ہم منصب Marcelo Rebelo De Sousa کے ساتھ وفد کی سطح کی بات چیت کریں گی۔

2- مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ امرناتھ یاترا کے لیے حفاظتی صورتِحال اور تیاریوں کا جائزہ لینے کے مقصد سے جموں و کشمیر کے تین روزہ دورے پر جموں پہنچ گئے۔

3- سود کی بنیادی شرحیں طے کرنے کے لیے، RBI کی مالی پالیسی کمیٹی کی تین روزہ میٹنگ آج شروع ہوگی۔

4- جیسا کہ بہت سی ریاستوں میں شدید گرمی پڑ رہی ہے، بھارت کے محکمہئ موسمیات نے دلی کے لیے Yellow الرٹ اور گجرات کے لیے Red الرٹ جاری کیا ہے۔

5- صحت سے متعلق عالمی سطح پر بیداری میں اضافے کے لیے صحت کا عالمی دن منایا جا رہا ہے۔

6- اور: رود رانکش بالا صاحب پاٹل نے، برازیل میں ISSF عالمی کپ 2025 میں، مردوں کے دس میٹر ایئر رائفل نشانے بازی مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔